| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 08-07-2022 | اخبارات |
| --- | --- |
| 1۔قدرتی آفات حکومت اوراداروں کی کارکردگی کا امتحان،ہمیں بہترین کارکردگی دکھانا ہوگی،وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔بارش کے نقصانات بلوچستان حکومت کی بھرپور معاونت کرینگے،وزیراعظم | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔ندی نالوں سے تجاوزات ہٹانے کیلئے کمیٹی تشکیل دی جائے،ضیاء لانگو | جنگ ودیگراخبارات |
| 4۔ضلع ہرنائی میں متاثرہ حفاظتی بندات رابطہ پلوں کو جلد تعمیر کرینگے،نورمحمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا،سردار کھیتران | مشرق ودیگراخبارات |
| 6۔قلات کے زمینداروں کی وفاقی وزیرمملکت توانائی ہاشم نوتیزئی سے ملاقات | آزادی ودیگراخبارات |
| 7۔قدرتی آفات کا مقابلہ صبروتحمل سے ہی کیا جاسکتا ہے،محمد طوراوتمانخیل | مشرق ودیگراخبارات |
| 8۔ڈیمز میں نقائص کی صورت میں سختی سے نمٹا جائے گا،چیف سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کاروائیاں تیز کی جائیں،چیف سیکرٹری | مشرق ودیگراخبارات |
| 10۔بارش اموات کی بڑی وجہ لوگوں کی بےصبری ہے،حکومتی ترجمان | جنگ ودیگراخبارات |
| 11۔سائلین کی شکایت کا فوری ازالہ ترجیح ہے،وفاقی ٹیکس محتسب | مشرق ودیگراخبارات |
| 12۔سیلاب وبارشوں کے متاثرہ علاقوں میں ریسکیو اور ریلیف آپریشن جاری،آئی ایس پی آر | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔بلوچستان میں مون سون کی طوفانی بارشوں کی تباہ کاریاں جاری مزید 10 جاں بحق ہلاکتوں کی مجموعی تعداد 56 ہوگئی | مشرق ودیگراخبارات |
| 14۔بارش سے متاثرہ اضلاع کو آفت زدہ قرار دیا جائے،اے این پی | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

کچلاک کلی کتیر کے میدان سے سے دوخواتین کی لاشیں برآمد،شوب اورڈکی میں فائرنگ کے واقعات 3 افراد جاں بحق،گوادر سے بڑے پیانے پر اسلحہ برآمد،فائرنگ کے حادثات میں 5 افراد جاں بحق چھ زخمی ہسپتال منتقل،کوئٹہ پولیس نے ملزم گرفتار کر کے نقدی وموٹر سائیکل برآمد کرلی۔

## عوامی مسائل

اندرون بلوچستان طوفانی بارشیں سیلاب بڑے پیانے پر نقصانات، بھاگ بی آئی ایس پی کی امدادی رقوم سے کٹوتی کا سلسلہ رک نہ سکا، بلوچستان ہائر ایجوکیشن گرینڈ الائنس کی مطالبات کے حل کیلئے ریلی احتجاجی مظاہرہ، بولان میڈیکل ٹیچرز ایسوسی ایشن کا مظاہرہ پر وائس چانسلر کی فوری تقرری کا مطالبہ، خضدار میں ہیلتھ کی پوسٹیں لاکھوں روپے میں فروخت۔

**مورخہ08-07-2022**

## اداریہ

روزنامہ 92نیوز کوئٹہ نے "**گوادر بریک واٹر منصوبہ میں تاخیر** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے ایک ٹوئٹر بیان میں گوادر بریک واٹر پراجیکٹ میں تاخیر انکوائری کا حکم دے دیا ہے گوادر بریک واٹر منصوبہ پی ٹی آئی اور حکومت کے ان منصوبوں میں شامل تھا جس کیلئے 445 ملین ڈالر کی گرانٹ 484 ملین ڈالر کے آسان قرض اور فیزیبلٹی بھی تیار ہوچکی تھی لیکن اس کے باوجود یہ منصوبہ نظر انداز رہا جسے مجرمانہ تاخیر کے سوا کوئی نام نہیں دیا جاسکتا۔اس میں شبہ نہیں کہ گوادر میں صرف بنیادی ڈھانچے کی تکمیل ہی مقصود نہیں ہونی چاہئے تھی بلکہ سی پیک کا حصہ ہونے کی وجہ سے اس کی سیاسی اقتصادی اہمیت بھی اپنی جگہ غیر معمولی ہے۔واٹر بریک منصوبہ نہ صرف گوادر بلکہ بلوچستان کی خوشحالی کا ضامن ہے گوادر میں پینے کے صاف پانی کا حصول سب سے بڑا مسئلہ ہے واٹر بریک منصوبہ کے ذریعے کھارے پانی کو صاف پانی میں بدل کر مقامی لوگوں کی ضرورت کو پورا کیا جاسکتا ہے ۔موجودہ صورتحال میں 5 ملین گیلن پانی روزانہ ٹینکوں کے ذریعے پہنچایا جاتا ہے اگر منصوبہ تاخیر کا شکار نہ ہوتو دوسال کے عرصہ میں مقامی آبادی کا یہ مسئلہ آسانی سے حل ہوسکتا تھا۔لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ اس منصوبے سے ہونے والی تاخیر کی انکوائری جلد مکمل کی جائے اور ذمہ داروں کو قابل تعزیز قرار دیا جائے،علاوہ ازیں تاخیر کے شکار دوسرے ترقیاتی منصوبوں کی بھی جانچ پڑتال کر کے انہیں وقت پر مکمل کیا جائے۔

## اداریے

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے"Benefits of the China-Pakistan Economic Corridor" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے"**سی پیک کی کامیابی پاکستان کی کامیابی** "کے عنوان سے دوران بلوچ کا مضمون تحریر کیا۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
جلد 51 | جمعۃ المبارک 08 ذوالحجہ 1443ھ 08 جولائی 2022ء | نمبر 187
قیمت 20 روپے

# قدرتی آفات حکومت اور اداروں کی کارکردگی کا امتحان، ہمیں بہترین کارکردگی دکھانا ہوگی: قدوس بزنجو

## بلوچستان میں انفراسٹرکچر دیگر صوبوں کے مقابلے میں کمزور ہے جس سے قدرتی آفات میں زیادہ نقصان ہوتا ہے، وزیراعلیٰ

## کوئٹہ اور دیگر علاقوں میں غیر معمولی بارشیں ہوئیں، 54 افراد جاں بحق ہوچکے، امدادی کاموں کیلئے فنڈز فراہم کردیئے، چیف سیکرٹری کی بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیرصدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں صوبے میں بارشوں اور سیلاب سے پیدا ہونے والی صورتحال نقصانات اور امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا صوبائی وزیر صحت سید احسان شاہ مشیر داخلہ و پی ڈی ایم اے میر ضیاء لانگو چیف سیکریٹری عبدالعزیز عقیلی چیئرمین وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم سینئر ایم بی آر اے سی ایس پی اینڈ ڈی اے سی ایس داخلہ اور متعلقہ محکموں کے سیکریٹری ڈی جی پی ڈی ایم اے سی ای او کیسکو ڈپٹی کمشنر کوئٹہ بھی اجلاس میں موجود تھے جبکہ ڈویژنل کمشنروں نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی ڈویژنل کمشنروں نے اجلاس کو بارشوں سے ہونے والے نقصانات اور موجودہ صورتحال پر جبکہ ڈی جی پی ڈی ایم اے نے امدادی سرگرمیوں پر بریفنگ دی سیکریٹری اریگیشن نے اجلاس کو ڈیموں کی صورتحال پر بریفنگ دی چیف سیکریٹری نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ مون سون بارشوں کا الرٹ جاری کیا گیا تھا تاہم کوئٹہ اور دیگر علاقوں میں غیر متوقع طور پر غیر معمولی بارشیں ہورہی ہیں جو اگست کے وسط جاری رہنے کا امکان ہے اجلاس کو بتایا گیا کہ کوئٹہ میں بارشوں سے 11 افراد جبکہ صوبے میں مجموعی طور پر 54 افراد جاں بحق ہوئے محکمہ خزانہ کی جانب سے بتایا گیا کہ متاثرہ اضلاع کی انتظامیہ کو فوری نوعیت کی امدادی کارروائیوں کے لئے فنڈز فراہم کردیئے گئے ہیں اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ امداد و بحالی کی سرگرمیوں کے لئے وفاقی حکومت اور این ڈی ایم اے سے بھی معاونت حاصل کی جائے گی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ قدرتی آفات کسی بھی حکومت اور اسکے اداروں کی کارکردگی کا امتحان ہوتی ہیں جس پر پورا اترنے کے لئے ہمیں بہترین کارکردگی دکھانا ہوگی انہوں نے کہا بلوچستان میں انفرا اسٹرکچر دیگر صوبوں کے مقابلے میں کمزور ہے جس سے قدرتی آفات میں زیادہ نقصان ہوتا ہے وزیراعلیٰ نے سیکریٹریوں کو تلقین کی کہ وہ صوبے کی ترقی کے لئے اپنی بھرپور صلاحتیں بروئے کار لاتے ہوئے دستیاب وسائل کے بہترین استعمال کو یقینی بنائیں وزیراعلیٰ نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے آج ہونے والی ملاقات کے حوالے سے کہا کہ بلوچستان کے ساتھ انکا رویہ نہایت مثبت ہے اور وزیراعظم نے بارشوں کے نقصانات کے ازالے کے لئے وفاقی حکومت کی معاونت اور دیگر امور میں بھی تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہمارا کوئی سیاسی ایجنڈہ نہیں ہے ہماری اولین ترجیح عوام کی خدمت اور انکے مسائل کا حل ہے وزیراعلیٰ نے موجودہ صورتحال کے تناظر میں امدادی سرگرمیوں کو مزید موثر اور مربوط بنانے کی ہدایت کی وزیراعلیٰ نے بارشوں سے ڈیموں کو پہنچنے والے نقصان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے چیف سیکریٹری کو ڈیموں کو پہنچنے والے نقصانات کی انکوائیری کرنے کی ہدایت کی وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ امدادی سرگرمیوں اور بحالی کے اقدامات کو مزید وسعت دی جائے اور پی ڈی ایم اے ہر متاثرہ علاقے اور فرد تک فوری رسائی یقینی بنائے وزیراعلیٰ نے کیسکو کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی وزیراعلیٰ نے انتباہ کیا کہ امدادی سرگرمیوں میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہمیں بارشوں اور پانی کی ضرورت ہے لیکن ایسی منصوبہ بندی کی جائے کہ غیر معمولی بارشوں سے نقصان کم سے کم ہو اور اس پانی کو ڈیموں کے زریعہ محفوظ بنایا جاسکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اداروں کی کمزوری سے شہروں میں تجاوزات میں اضافہ ہوا ہے نالوں اور پانی کی گزرگاہوں پر آبادکاری سے جانی و مالی نقصان ہوئے وزیراعلیٰ نے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ آبپاشی کو نالوں پر قائم تجاوزات کے فوری خاتمے کی ہدایت کی وزیراعلیٰ نے پی ڈی ایم اے کو امدادی سرگرمیوں اور متاثرین کو خوراک اور دیگر ضروری اشیاء کی فراہمی کا قابل عمل طریقہ وضع کرنے کی ہدایت بھی کی اجلاس میں تمام متاثرہ اضلاع کی انتظامیہ کو غیر محفوظ علاقوں سے آبادیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے اور اب تک ہونے والے نقصانات کا سروے کرکے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی اجلاس میں انتظامیہ متعلقہ محکموں اور اداروں کو مزید بارشوں کی پیش گوئی کے تناظر میں کسی بھی ہنگامی صورتحال سے موثر طور پر نمٹنے کی تیاری مکمل رکھنے کی ہدایت کی گئی اجلاس میں مواصلات کو این ایچ اے کے اشتراک سے سیلابی پانی سے متاثرہ سڑکوں کی فوری بحالی کی ہدایت کی گئی اجلاس میں کہا گیا کہ متاثرین تنہا نہیں حکومت انکے ساتھ کھڑی ہے انکے نقصانات کا ازالہ کیا جائے گا اور حکومت جانی و مالی نقصانات کے ازالے کے لئے مطلوبہ فنڈز فراہم کریگی اجلاس میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے تعزیت ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی

### وزیراعلیٰ کا قمر دین کاریز میں بارش سے تباہی کا نوٹس، فوری امدادی کاموں کی ہدایت

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ژوب کے سرحدی علاقے قمر دین کاریز میں بارش اور سیلابی پانی سے ہونے والے نقصانات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی جی پی ڈی ایم اور ضلعی انتظامیہ کو فوری طور پر امدادی سرگرمیوں شروع کرنے کی ہدایت کردی۔ جمعرات کو وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے ہدایت کی کہ پی ڈی ایم اے متاثرین کے لئے ہنگامی بنیادوں پر خیمے اور ضروری اشیاء فراہم کرے، انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ متاثرہ افراد کی محفوظ مقامات پر منتقلی کو یقینی بنائے۔

### وزیراعلیٰ بزنجو کوئٹہ پہنچ گئے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کوئٹہ پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اسلام آباد کا سرکاری دورہ مکمل کرنے کے بعد صوبائی دارالحکومت کوئٹہ پہنچ گئے جہاں انہوں نے اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد کیا جس میں صوبے میں مون سون کی شدید بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں بارشوں سے پیدا ہونے صورتحال نقصانات اور امدادی سرگرمیوں پر بریفنگ اور متاثرین کی امداد و بحالی کے لئے اہم نوعیت کے فیصلے کیے گئے۔

سردار
کھیتران

# صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے سب کو ملکر کام کرنا ہوگا

## وزیراعلیٰ کی قیادت میں صوبہ بھرمیں ترقیاتی کاموں کا آغاز کردیا جلد صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا

**ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت حکومت کی اولین ترجیح ، کرپشن کی شکایت پر کارروائی کرینگے میڈیا گفتگو**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات وخزانہ سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں جو بجٹ پیش کیا گیا اس کے مثبت اثرات مرتب اور صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا جہاں بھی کرپشن و کمیشن کی شکایت ملی تو بھرپور کارروائی کرینگے افیسران صوبے کی ترقی کیلئے حکومت کے ہاتھ مضبوط کریں' یہ بات انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک اہم صوبہ ہے ا س کے حالات بہتر بنانے کیلئے سیکورٹی فورسز نے ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ماضی کی نسبت صوبے کے حالات بہتر ہیں سیاست اور تنقید ہر جماعت کا جمہوری حق ہے لیکن صوبے کی مفاد کیلئے ہم سب نے کردار ادا کرنا ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا شروع دن سے صوبے اور تمام جماعتوں کے حوالے سے موقف واضح ہے اور کسی کے ساتھ بدنیتی اور تعصب کا ارادہ نہیں رکھتے جن کی واضح مثال موجودہ کامیاب بجٹ ہے جسے حکومتی ارکان کے ساتھ اپوزیشن اراکین اسمبلی نے بھی خوش آئند قرار دیا انشاء اللہ اس بجٹ کے صاف وشفاف طریقے سے استعمال سے صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا

# قدرتی آفات کا مقابلہ صبروتحمل سے ہی کیا جاسکتا ہے محمد خان طوراتمانخیل

## بلوچستان بالخصوص لورالائی میں حالیہ بارشوں سیلابی ریلوں سے تباہ کاریوں جانی ومالی نقصانات پر افسوس ہوا ہے

**بی اے پی کے ضلعی صدر کابینہ تمام ورکرز اور نومنتخب کونسلرز متاثرین کیساتھ رابطے میں رہ کر انکی مدد کریں ،صوبائی وزیر کا بیان**

لورالائی ( اے این این ) صوبائی وزیر انڈسٹریز حاجی محمد خان طوراتمانخیل نے اپنے ایک بیان میں بلوچستان بالخصوص لورالائی میں حالیہ بارشوں سیلابی ریلوں سے تباہ کاریوں جانی ومالی نقصانات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کے اس گھڑی میں ہم قوم اور متاثرین کے ساتھ ہے اور صبر کے سوا ہم کیا کر سکتے ہیں اللہ پاک ہمارے علاقہ پر رحم کریں انہوں نے کہا ہے کہ غم اور درد کے اس حالات میں اور پٹھانکوٹ میں 5افراد کی جانی نقصانات کے حوالے سے میں مسلسل وزیراعلیٰ چیف سیکرٹری اور ضلعی انتظامیہ سے مسلسل رابطہ میں ہوں اور میں نے باپ پارٹی کے ضلعی صدر کابینہ تمام ورکرز اور نومنتخب کونسلرز کو واضح ہدایات دی ہے کہ وہ مسلسل متاثرین کے ساتھ رابطہ میں رہیں اور انتظامیہ کو مزید بھی متحرک رکھیں اور متاثرین کو تمام ضروری سامان کے فراہمی کو یقینی بنائیں اور ضلعی انتظامیہ اور باپ کے کارکن اس سلسلے میں اپنے کام میں مصروف عمل ہے اور مزید بھی میں پی ڈی ایم اے سے رابطہ میں ہوں تا کہ متاثرین کی بروقت مدد کیجا سکیں۔اور متاثرین اپنے اپ کو اکیلا محسوس نہ کریں۔اور جانی نقصان والے جواللہ صبر جمیل عطا فرمائیں۔



# قلات کے زمینداروں کی وفاقی وزیر مملکت توانائی ہاشم نوتیزئی سے ملاقات

**وزیر مملکت وچیف کیسکو نے وفد کو یقین دلایا کہ سٹی فیڈرز پر 14 گھنٹے بجلی فراہم کرینگے**

قلات ( آئی این پی ) زمیندار کسان اتحاد، زمیندار ایکشن کمیٹی، آل پارٹیز کا کوئٹہ میں ایکسین کیسکو قلات حاجی عبدالقیوم بنگلوئی کی قیادت میں وفاقی وزیر مملکت (بقیہ نمبر18 صفحہ نمبر2 پر)

توانائی حاجی محمد ہاشم نوتیزئی وچیف کیسکو سے تفصیلی ملاقات و کامیاب مذاکرات ہوئے ،تفصیلات کے مطابق ایکسین کیسکو قلات حاجی عبدالقیوم بنگلوئی کی قیادت میں زمیندار کسان اتحاد کے مرکزی صدر شہزادہ آغا لعل جان احمدزئی، منگچر کے زمیندار سردارزادہ نور احمد لانگو، بکری محمد امین محمد شہی، زمیندار ایکشن کمیٹی کے مرکزی رہنما میر منیر احمد شاہوانی، حاجی عزیز مغل، حاجی حمزہ محمد شہی حاجی غلام نبی مینگل، عبدالحفیظ عمرانی سمیت دیگر زمیندار اور قلات کے آل پارٹیز کے رہنماؤں بی این پی کے ضلعی آرگنائزر پرنس آغا قلندر خان احمدزئی، میر قادر بخش مینگل، احمد نواز بلوچ، عبداللہ جان لانگو میر ممتاز لانگو، کامریڈ ظہور بلوچ ودیگر وفد میں شامل رہنماؤں نے وفاقی وزیر مملکت توانائی حاجی محمد ہاشم نوتیزئی وچیف کیسکو سے بجلی فورسڈ لوڈشیڈنگ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ودیگر بجلی مسائل کے سلسلے میں ملاقات کی ،بجلی لوڈشیڈنگ فورسڈ لوڈشیڈنگ و دیگر درپیش مسائل سے وزیر مملکت توانائی وچیف کیسکو کو آگاہ کیا۔ اور کامیاب مذاکرات ہوئے جس میں وزیر مملکت و چیف کیسکو نے وفد کو یقین دلایا کہ سٹی فیڈرز پر 14 گھنٹے بجلی فراہم کرینگے جبکہ زرعی فیڈرز پر 6چھ گھنٹے بجلی فراہم کی جائیگی اور فورسڈ لوڈشیڈنگ کا بھی خاتمہ ممکن بنائیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:________


روزنامہ جنگ کوئٹہ جمعہ 8 جولائی 2022ء

## ڈیمز میں نقائص کی صورت میں سختی سے نمٹایا جائے گا‘ چیف سیکرٹری

### امدادی کارروائیاں تیز کرکے نقصانات کی رپورٹ پیش کی جائے‘ متعلقہ کمشنرز کو ہدایات

### بارش سے متاثرہ علاقوں کا دورہ، نالے کے اوپر تعمیر مکانات کو فوری ہٹانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے حالیہ بارشوں کے دوران صوبے کے مختلف علاقوں میں ڈیمز اور کینالز کو پہنچنے والے نقصانات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے چیئرمین سی ایم آئی ٹی کو ہدایت کی ہے کہ وہ متاثر ہونے والے بندات کی فوری طور پر تحقیقات کریں اور بتایا جائے کہ نقصانات محض بارشوں کی وجہ سے ہوا ہے یا ان ڈیموں کی تعمیر میں نقائص موجود تھے انہوں نے کہا کہ نقائص کی صورت میں ذمہ دار عناصر کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا۔ دریں اثناء چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی نے حالیہ بارشوں سے ہونے والی تباہی کے پیش نظر تمام ڈویژنل کمشنر اور متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ متاثرہ علاقوں میں ہونے والے نقصانات کے بارے میں فوری طور پر جائزہ لے کر رپورٹ پیش کریں چیف سیکرٹری نے ضلعی ڈپٹی کمشنروں کو بھی ہدایت کی ہے کہ وہ بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں تیز کریں اور تمام متاثرین کو ضروری ریلیف کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے حالیہ مون سون بارشوں سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو روشن علی شیخ، ڈی جی پی ڈی ایم اے نصیر ناصر اور ڈی سی کوئٹہ شہک بلوچ بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر انہوں نے بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں گوہر آباد میں ہونے والے نقصانات کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ متاثرہ علاقوں جن لوگوں نے نالے کے اوپر مکانات تعمیر کئے ہیں ان کے خلاف فوری طور پر قانونی کارروائی مکمل کرکے تجاوزات کو ہٹایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائی مزید تیز کی جائیں اور متاثرین کو امدادی سامان کی فراہمی کو بھی یقینی بنائی جائے انہوں نے کہا کہ اس مشکل کی گھڑی میں متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑیں گے اور ان کی دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے ہر ممکن مدد کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ دوروں کا مقصد سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا جائزہ لینا ہے تاکہ متاثرین کی ہر ممکن مدد کی جائے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی خصوصی ہدایات ہیں کہ نالوں پر تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے کیونکہ عوام کے جان و مال پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا جہاں جہاں بھی آبی نالوں کے راستوں میں تجاوزات بنائی گئی ہیں انکے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبے میں مذید بارشوں کا امکان ہے اور اس کے لیے انسانی جانوں کی نقصان سے بچنے کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہئے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ جمعہ 8 جولائی 2022ء

## بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں تیز کی جائیں، چیف سیکرٹری

### صوبے کے مختلف علاقوں میں ڈیمز اور کینالز کو پہنچنے والے نقصانات پر تشویش کا اظہار، نقائص کی تحقیقات کی جائیں، عبدالعزیز عقیلی

### متاثرہ علاقوں میں ہونے والے نقصانات کے بارے میں فوری طور پر جائزہ لے کر رپورٹ پیش کی جائے، ڈپٹی کمشنرز کو ہدایات

### چیئرمین سی ایم آئی ٹی تحقیقات کرکے بندات اور ڈیموں کی تعمیر میں نقائص کے ذمہ داروں کیخلاف سخت کارروائی کریں، اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے صوبے بھر میں حالیہ بارشوں سے ہونے والی تباہی کے پیش نظر تمام ڈویژنل کمشنرز اور متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ متاثرہ علاقوں میں ہونے والے نقصانات کے بارے میں فوری طور پر جائزہ لے کر رپورٹ پیش کریں چیف سیکرٹری بلوچستان نے ضلعی ڈپٹی کمشنروں کو بھی ہدایت کی ہے کہ وہ بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں......... بقیہ نمبر 1 صفحہ 10 پر

تیز کریں اور تمام متاثرین کو ضروری ریلیف کی فراہمی کو یقینی بنائیں واضح رہے کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں مون سون بارشوں کی وجہ سے جو نقصانات ہوئے ہیں حکومت نے ان کا فوری نوٹس لے کر تمام اداروں اور حکام کو سرگرم کردیا ہے اور متاثرہ علاقوں میں ضلعی انتظامیہ اور اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے حالیہ بارشوں کے دوران صوبے کے مختلف علاقوں میں ڈیمز اور کینالز کو پہنچنے والے نقصانات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے چیئرمین سی ایم آئی ٹی کو ہدایت کی ہے کہ وہ متاثر ہونے والے بندات کی فوری طور پر تحقیقات کریں اور بتایا جائے کہ نقصانات محض بارشوں کی وجہ سے ہوا ہے یا ان ڈیموں کی تعمیر میں نقائص موجود تھے انہوں نے کہا کہ نقائص کی صورت میں ذمہ دار عناصر کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

08 جولائی 2022ء

## بارشوں سے ڈیمز کو نقصان چیف سیکرٹری نے تحقیقات کا حکم دیدیا

### حالیہ بارشوں سے صوبے کے مختلف ڈیمز اور کینالز کو پہنچنے والے نقصانات باعث تشویش ہیں‘ عبدالعزیز عقیلی

### چیئرمین سی ایم آئی ٹی فوری طور پر تحقیقات کرکے ذمہ داروں کا تعین کریں‘ چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے حالیہ بارشوں کے دوران صوبے کے مختلف علاقوں میں ڈیمز اور کینالز کو پہنچنے والے نقصانات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے چیئرمین سی ایم آئی ٹی کو ہدایت کی ہے کہ وہ متاثر ہونے والے بندات کی فوری طور پر تحقیقات کریں اور بتایا جائے کہ نقصانات محض بارشوں کی وجہ سے ہوا ہے یا ان ڈیموں کی تعمیر میں نقائص موجود تھے انہوں نے کہا کہ بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر

نقائص کی صورت میں ذمہ دار عناصر کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا۔ ادھر چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے صوبے بھر میں حالیہ بارشوں سے ہونے والی تباہی کے پیش نظر تمام ڈویژنل کمشنر اور متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ متاثرہ علاقوں میں ہونے والے نقصانات کے بارے میں فوری طور پر جائزہ لے کر رپورٹ پیش کریں چیف سیکرٹری بلوچستان نے ضلعی ڈپٹی کمشنروں کو بھی ہدایت کی ہے کہ وہ بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں تیز کریں اور تمام متاثرین کو ضروری ریلیف کی فراہمی کو یقینی بنائیں واضح رہے کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں مون سون بارشوں کی وجہ سے جو نقصانات ہوئے ہیں حکومت نے ان کا فوری نوٹس لے کر تمام اداروں اور حکام کو سرگرم کردیا ہے اور متاثرہ علاقوں میں ضلعی انتظامیہ اور اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 08 JUL 2022 Page No. 6

## بلوچستان میں مون سون کی طوفانی بارشوں کی تباہ کاریاں جاری، مزید 10 جاں بحق

ہلاکتوں کی مجموعی تعداد 56 ہوگئی

موسلا دھار بارش کے باعث خضدار، قلات، لسبیلہ، نصیر آباد، گوادر، پنجگور، تربت، آواران، بارکھان، بولان اور کوہلو کے مقامی ندی نالوں میں شدید طغیانی کا خدشہ ہے، محکمہ موسمیات

جمعرات کو کوئٹہ، خضدار، قلات، لسبیلہ، پنجگور، آواران، خاران، ژوب، بارکھان، کوہلو، نصیر آباد، اورماڑہ، کیچ اور گوادر میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری رہا

ضلع پشین میں ڈب کراس کے مقام پر پل پانی میں بہہ گیا، کان مہترزئی میں زیر تعمیر دارا جلال خان زئی ڈیم ٹوٹ گیا، کلی ملکیار شغالزئی اور کمال زئی میں بھی سیلابی ریلے سے نقصانات

جمعرات کو خضدار میں 36، پنجگور میں 33، پسنی میں 31، اورماڑہ میں 16، بارکھان، گوادر میں 13 ژوب میں 12، کوئٹہ (سٹی 10، سمنگلی 01)، جیوانی میں 09 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی

مون سون بارشوں کے دوران اموات کی تعداد 56 جبکہ زخمیوں کی تعداد 48 ہوگئی، صوبے میں 670 مکانات، 5 پلوں اور 1 کلومیٹر سڑک کو نقصان پہنچا ہے جبکہ اب تک 436 مویشی بھی ہلاک ہو چکے

جمعرات کو صوبے میں بارشوں سے 10 اموات ہوئی ہیں جن میں سے 6 پشین جبکہ 4 پنجگور میں ہوئیں، ہلاک ہونے والوں میں 8 بچے اور 2 خواتین شامل ہیں، پی ڈی ایم اے کی رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں مون سون کی طوفانی بارشوں کی تباہ کاریاں جاری مزید 10 افراد جاں بحق اب تک ہلاک ہونے والوں کی تعداد 56 جبکہ زخمیوں کی تعداد 48 ہوگئی موسلا دھار بارش کے باعث خضدار، قلات، لسبیلہ، نصیر آباد، گوادر، پنجگور، تربت، آواران، بارکھان، بولان اور کوہلو کے مقامی ندی نالیوں میں طغیانی کا خدشہ۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کو کوئٹہ، خضدار، قلات، لسبیلہ، پنجگور، آواران........ بقیہ نمبر 3 صفحہ 9 پر

، خاران، ژوب، بارکھان، کوہلو، نصیر آباد، اورماڑہ، کیچ اور گوادر میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری رہا، اس دوران خضدار میں 36، پنجگور میں 33، پسنی میں 31، اورماڑہ میں 16، بارکھان، گوادر میں 13 ژوب میں 12، کوئٹہ (سٹی 10، سمنگلی 01)، جیوانی میں 09، قلات، سبی میں 05، تربت میں 04، دالبندین میں 03، لسبیلہ میں 02 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق موسلا دھار بارش کے باعث خضدار، قلات، لسبیلہ، نصیر آباد، گوادر، پنجگور، تربت، آواران، بارکھان، بولان اور کوہلو کے مقامی ندی نالیوں میں طغیانی کا خدشہ ہے، جمعرات کو صوبے میں ہونے والی بارشوں نے ایک بار پھر سے تباہی مچا دی ضلع پشین میں ڈب کراس کے مقام پر پل پانی میں بہہ گیا، کان مہترزئی میں زیر تعمیر دارا جلال خان زئی ڈیم ٹوٹ گیا، ظریف کاریز میں بھی نقصانات ہوئے، کلی ملکیار شغالزئی اور کمال زئی میں بھی بارش کے باعث سیلابی ریلے سے نقصانات کی اطلاعات موصول ہوئیں جس کے بعد آبادی کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا، مسلم باغ میں اختر یکا ڈیم ٹوٹ گیا جس کے بعد آبادی کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا

اسی طرح چاغی سے نوشکی جانے والی مسافر بس نوشکی میں پانی میں پھنس گئی جس کے بعد مسافروں کو بحفاظت نکال لیا گیا، ضلع خضدار میں کوشک نالے کا پانی قبرستان میں داخل ہو گیا، کٹھان میں بارش کا پانی گھروں میں داخل ہو گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، محکمہ پی ڈی ایم اے کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق جمعرات کو صوبے میں بارشوں سے 10 اموات ہوئی ہیں جن میں سے 6 پشین جبکہ 4 پنجگور میں ہوئیں، ہلاک ہونے والوں میں 8 بچے اور 2 خواتین شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق صوبے میں حالیہ مون سون بارشوں کے دوران اموات کی تعداد 56 جبکہ زخمیوں کی تعداد 48 ہو گئی ہے، رپورٹ کے مطابق صوبے میں 670 مکانات، 5 پلوں اور 1 کلومیٹر سڑک کو نقصان پہنچا ہے جبکہ اب تک 436 مویشی بھی ہلاک ہو چکے ہیں۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات نے آج جمعہ کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور مرطوب رہنے جبکہ خضدار، قلات، لسبیلہ، پنجگور، آواران، ژوب، بارکھان، کوہلو، نصیر آباد اور گوادر میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ چند مقامات پر بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔

## سیلاب متاثرہ علاقوں میں پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کی امدادی کارروائیاں

پی ڈی ایم اے، پاک فوج اور ایف سی کی جانب سے متاثرین میں پکا ہوا کھانا اور ضروری اشیاء و ٹینٹس فراہم کیے گئے ہیں

مچھ کے علاقے دوزان پوسٹ کے قریب لینڈ سلائیڈنگ کے باعث مسافر ٹرین کو عارضی طور پر روک کر ٹریک بحال کر دیا

سوگوار خاندانوں میں مالی امداد متاثرہ افراد کو مقامی روایات کے مطابق راشن اور ضروری سامان و امداد بھی دی جا رہی ہے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں سول انتظامیہ اور پی ڈی ایم اے کے ساتھ مل کر پاک فوج اور.......... بقیہ نمبر 36 صفحہ 9 پر

ایف سی بلوچستان کی امدادی کارروائیاں جاری" انتظامیہ، پی ڈی ایم اے، پاک فوج اور فرنٹیئر کور بلوچستان صوبے کے مختلف علاقوں میں شدید طوفانی بارشوں کے باعث ہونے والے نقصانات سے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر ریسکیو اور بحالی کے آپریشنز جاری رکھے ہوئے ہیں۔ عوام کی مشکلات کے ازالے کے لئے ایف سی بلوچستان اور پاک فوج، پی ڈی ایم اے، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کی بھرپور معاونت کر رہے ہیں۔ کوئٹہ، چمن، اورالائی، قلعہ سیف اللہ، سوئی، ڈیرہ بگٹی، مچھ، لسبیلہ، سبی، ہرنائی، دکی، کوہلو، بارکھان اور ژوب کے علاقے سیلابی ریلوں اور بارشوں سے شدید متاثر ہوئے ہیں۔ متاثرین کو محفوظ مقامات پر پہنچانے کیلئے کاوشیں مسلسل جاری ہیں اور سیلابی ریلوں سے ہونے والے نقصانات کا تخمینہ بھی لگایا جا رہا ہے تاکہ امدادی کارروائیوں میں تیزی لائی جا سکے۔ پی ڈی ایم اے، پاک فوج اور ایف سی کی جانب سے متاثرین میں پکا ہوا کھانا اور ٹینٹس فراہم کیے جا رہے ہیں۔ علاوہ ازیں، سوگوار خاندانوں میں مالی امداد و متاثرہ خاندانوں کو مقامی روایات کے مطابق راشن اور ضروری مالی امداد بھی دی جا رہی ہے۔ گزشتہ روز مچھ کے علاقے دوزان پوسٹ کے قریب لینڈ سلائیڈنگ کے باعث مسافر ٹرین کو عارضی طور پر روک دیا گیا تھا تاہم ایف سی اہلکاروں اور ریلوے کے کارکنوں کی طرف سے ریلوے ٹریک کو کلیئر کرنے کے بعد ٹرینوں کی آمد و رفت کو بحال کر دیا گیا تھا۔ قلعہ سیف اللہ، چمن، قلعہ عبداللہ، ہرنائی اور دیگر متاثرہ علاقوں میں پی ڈی ایم اے اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے ریلیف آپریشن متاثرین کو سہولیات فراہم پہنچانے تک جاری رہے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 08 JUL 2022 Page No. 7


## بلوچستان حکومت کے جہاز و ہیلی کاپٹر پر سالانہ 90 کروڑ کا خرچہ

### صوبائی حکومت ایک ہیلی کاپٹر' دو ہوائی جہاز استعمال کررہی ہے' اخراجات میں عملہ کا کرایہ اور فیول چارجز بھی شامل ہیں

### ہیلی کاپٹر پر 40 کروڑ' ہوائی جہازوں 49 کروڑ روپے کے اخراجات آئے ہیں' رپورٹ

کوئٹہ (صباح نیوز) بلوچستان حکومت کی ملکیت ہوائی جہاز، ہیلی کاپٹر اور سینا جہاز پر سال 2021-22 میں کل 89 کروڑ 70 لاکھ روپے اخراجات آئے۔ ہیلی کاپٹر پر 40 کروڑ، جہاز پر 45 کروڑ اور سینا جہاز پر 4 کروڑ 21 لاکھ روپے اخراجات بقیہ نمبر 6 صفحہ 17 پر

آئے۔ اس میں پٹرول، مرمت، پائلٹ اور عملے کی تنخواہیں وغیرہ سب شامل ہیں۔

AZADI QUETTA

## سپریم کورٹ کو حساس سیاسی مسائل کے حل میں ملوث نہیں ہونا چاہیے، جسٹس جمال مندوخیل

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل نے آئین کے آرٹیکل 63A کی تشریح کے لئے صدر مملکت کی جانب سے بھیجے گئے ریفرنس کے فیصلے میں اپنے اختلافی نوٹ میں کہا ہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان کو حساس (بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 2 پر)

نوعیت کے سیاسی مسائل کے حل میں ملوث نہیں ہونا چاہیے، 15 صفحات پر مشتمل اختلافی نوٹس میں جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ ججز جب آئین کی تشریح کررہے ہوں تو وہ اپنے آپ کو صرف اور صرف الفاظ کو منصفانہ انداز میں پڑھنے اور آئین کو تخلیق کرنے والوں کی نیت تک محدود رکھیں ایسا نہ کرنے سے ججز آئین کی تشریح کے بجائے اسے تخلیق کرنے کے مرحلے میں داخل ہو جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 63A کے الفاظ واضح اور کسی بھی شک سے پاک ہیں لہذا انکی مزید تشریح کرنے کی ضرورت نہیں ہے، انہوں نے اختلافی نوٹس میں لکھا ہے کہ صدر مملکت کی جانب سے بھیجے گئے ریفرنس میں پوچھے گئے سوالات سیاسی نوعیت کے ہیں لہذا اس نوعیت کو مد نظر رکھتے ہوئے انکا جواب نہیں دیا جاسکتا جسٹس جمال مندوخیل نے لکھا کہ اختیارات کی تقسیم کے قوانین کو مدنظر رکھتے ہوئے سپریم کورٹ کے لئے یہ موزوں نہیں ہے کہ وہ حساس سیاسی مسائل کو حل کرنے میں اپنا کردار ادا کرے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 08 JUL 2022 Page No. 9


## کچلاک: کلی کتیر کے میدان سے دوخواتین کی لاشیں برآمد

**گولیاں مار کر موت کے گھاٹ اتارا گیا، ایک کی شناخت ہوگئی، پولیس نے تفتیش شروع کردی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کچلاک بائی پاس کلی کتیر کے میدان سے دوخواتین کی لاشیں برآمد ہوئی جنہیں فائرنگ کرکے قتل کیا گیا تھا ایک کی شناخت ہوئی لاشیں پوسٹ مارٹم کے لئے سول ہسپتال منتقل کر دی گئیں ۔ پولیس کے مطابق کچلاک پولیس کو جمعرات کی شب اطلاع ملی تھی کہ کچلاک بائی پاس کلی کتیر کراس کے قریب میدانی میں دوخواتین کی لاشیں پڑی ہیں جس پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو تحویل میں لے کر سول ہسپتال منتقل کر دی ابتدائی طور پر یہ معلوم ہوا ہے کہ لاشیں چند روز پرانی ہے اور انہیں فائرنگ کرکے قتل کیا گیا اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ انہیں پہلے کہیں اور قتل کیا گیا ہو اور بعدازاں لاشیں اندھیرے میں یہاں پھینک کر ملزمان فرار ہو گئے ہو تاہم پوسٹ مارٹم رپورٹ آنے کے بعد کیس میں اہم پیشرفت ہوسکیں گی پولیس نے بتایا کہ ایک لاش کی کوئٹہ کے علاقے ریلوے کالونی کے رہائشی اسد اللہ نے ۔ اپنی بہن حمید بی بی کے نام سے کی جو زرغون روڈ کی رہائشی ہے جبکہ دوسری لاش کی شناخت کے مردہ خانے میں رکھ دی گئی ہے کچلاک پولیس نے مقدمہ درج کرکے مختلف پہلوؤں سے تفتیش شروع کردی۔

### ژوب اوردکی میں فائرنگ کے واقعات 3افراد جاں بحق

ژوب/دکی (نامہ نگاران) ژوب اوردکی میں فائرنگ کے واقعات میں 3افراد ہلاک ہوگئے ژوب سے نامہ نگار کے مطابق بکرا منڈی کے علاقے میں فائرنگ کے نتیجے میں سردار محمد یوسف کاکڑ سکنہ کلی شہاب زئی جاں بحق ہوگیا پولیس نے مبینہ ملزم محمد جان مندوخیل سکنہ اپوزئی کو گرفتار کرکے تفتیش شروع کردی دکی سے نامہ نگار کے مطابق تالی رباط میں مسلح افراد نے فائرنگ کرکے دوافراد ظہور احمد ولد عبدالقدیر سمالانی اور عصمت اللہ ولد محمد عیسیٰ سمالانی کو ہلاک کردیا لاشیں ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کردی گئیں پولیس کے مطابق واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جاتا ہے۔

### گوادر سے بڑے پیمانے پر اسلحہ برآمد

کوئٹہ (خ ن) سی آئی اے پولیس گوادر نے پہاڑی علاقے گرروک میں کامیاب کارروائی کرکے بڑے پیمانے پر راکٹ لانچرز، آر پی جی اور دیگر اسلحہ برآمد کرکے تخریب کاری کا منصوبہ ناکام بنادیا کارروائی خفیہ اطلاع پر ڈی آئی جی مکران غلام اظفر مہیسر ایس ایس پی گوادر طارق الہٰی مستوئی کی خصوصی ہدایت پر اے ایس پی طلاح ولی کی زیر نگرانی میں انچارج خالد حسین مینگل کی سربراہی میں کی گئی۔

MASHRIQ QUETTA

## فائرنگ حادثات میں 5 افراد جاں بحق چھ زخمی ہسپتال منتقل

**کوئٹہ ژوب اور بیلہ میں روڈ حادثات نے تین جانیں لے لیں پانچ افراد زخمی**

**ژوب مویشی منڈی میں فائرنگ ایک جان لے گیا، حب میں چھت گرنے سے بچہ ہلاک**

کوئٹہ، اندرون صوبہ (سٹی رپورٹر، نمائندے) کوئٹہ واندرون بلوچستان فائرنگ وحادثات میں پانچ افراد جان سے گئے سات زخمی ہسپتال منتقل تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق چھ زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو کوئٹہ......

بقیہ نمبر15 صفحہ 10 پر

کے نواحی علاقے ماروارمیں گاڑی الٹ جانے کے باعث ایک شخص جاں بحق جبکہ چھ افراد زخمی ہوگئے، پولیس نے لاش اور زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا، جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی ،مزید کارروائی جاری ہے۔ حب میں زیر تعمیر مکان کی چھت گرنے سے 14 سالہ بچہ جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کو حب کے علاقے بلوچ کالونی میں زیر تعمیر مکان کی چھت گر گئی جس کے نتیجے میں 14 سالہ عبدالرسول ولد فیض محمد جاں بحق ہوگیا، ریسکیو حکام نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔ بیلہ کے قریب مین آرسی ڈی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ موٹر سائیکل سوار ایک شخص جاں بحق ہوگیا، تفصیلات کے مطابق جمعرات کو بیلہ کے قریب مین آرسی ڈی شاہراہ پر کراڑو کے مقام پر گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار محمد اکبر جاں بحق ہوگیا، ریسکیو حکام نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی ، مزید کارروائی جاری ہے ۔ژوب میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔

## کوئٹہ پولیس نے ملزم گرفتار کرکے نقدی و موٹر سائیکل برآمد کرلی

**ملزم آغا محمد نے ساتھیوں کیساتھ مختلف وارداتوں میں اسلحے کے زور پر لوٹ مار کی**

کوئٹہ (خ ن) ڈی آئی جی کوئٹہ سید حسن شاہ، ایس ایس پی آپریشن عبدالحق عمرانی، ایس ایس پی انویسٹی گیشن اسد ناصر کی ہدایت پر سی آئی اے کوئٹہ نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم آغا محمد ولد حاجی محمد کو گرفتار کرلیا گرفتاری کے دوران ملزم سے 25 لاکھ روپیہ نقد......

بقیہ نمبر54 صفحہ 10 پر

، واردات میں استعمال ہونے والا 125 موٹر سائیکل اور 9mm پسٹل بھی برآمد کیا گیا۔ ملزم نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ نواں کلی کوئٹہ میں طاہر عباسی سے بیس لاکھ روپیہ اسلحے کے زور پر چھینے تھے جبکہ ایک اور واردات میں مذکورہ ملزم نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر تھانہ سول لائن کے ایریا میں عبدالقادر سے اسلحے کے زور پر 10 لاکھ روپے چھینے تھے لہٰذا گرفتاری کے بعد ملزم کو تفتیش کے لئے تھانہ زرغون آباد کے حوالے کیا گیا اور مزید تفتیش جاری ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 08 JUL 2022 Page No. 10


# اندرون بلوچستان طوفانی بارشیں سیلاب، بڑے پیمانے پر نقصانات

## نشیبی علاقے زیرآب، پانی گھروں دکانوں میں داخل، کیچڑ اور پھسلن کے باعث چلنا محال، بجلی کا نظام درہم برہم، کاروباری سرگرمیاں متاثر

### کچے مکانات منہدم، زرعی بندات، باغات اور کھڑی فصلیں تباہ، ہرنائی کے سیلاب متاثرین کا حکومتی عدم توجہی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

اندرون بلوچستان (نامہ نگاران) صوبے کے مختلف شہروں میں طوفانی بارشیں، سیلاب، بڑے پیمانے پر نقصانات، نشیبی علاقے زیرآب، پانی گھروں دکانوں میں داخل، کیچڑ اور پھسلن کے باعث چلنا محال، بجلی کا نظام درہم برہم، کاروباری سرگرمیاں متاثر، کچے مکانات منہدم، زرعی بندات، باغات اور کھڑی فصلیں تباہ، ہرنائی کے سیلاب متاثرین کا حکومتی عدم توجہی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ، بھنگور سے نامہ نگار کے مطابق بھنگور میں گزشتہ تین دنوں سے گرج چمک کے ساتھ شدید بارش سے نظام زندگی مفلوج ہوکر رہ گیا ہے نشیبی علاقے زیرآب آگئے سیلابی ریلوں سے زرعی بندات باغات صفحہ ہستی سے مٹ گئے ہیں کھڑی فصلیں تباہ ہوگئیں درجنوں کچی دیواریں اور مکانات منہدم ہوگئے بجلی کے متعدد کھمبے گرنے سے بجلی کا نظام درہم برہم ہوگیا ہے عوامی حلقوں اور زمینداروں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بھنگور کو آفت زدہ قرار دے کر متاثرہ زمینداروں اور عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے اوستہ محمد سے نامہ نگار کے مطابق مون سون کی بارشوں کا سلسلہ شروع ہوتے ہی اوستہ محمد کی سڑکیں گلیاں ندی نالوں کا منظر بن گئیں ناقص سیوریج سسٹم کے سبب بارشوں کا پانی گھروں اور دکانوں میں داخل ہوگیا کھڑے پانی اور کیچڑ سے پھسلن کے سبب شہریوں کا گھروں سے نکلنا محال ہو گیا ہے کاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہورہی ہیں خاکروب گھر بیٹھے تنخواہیں لے رہے ہیں ادھر ضلعی انتظامیہ نے اربن فلڈنگ کے ممکنہ خطرے کے پیش نظر حفاظتی اقدامات تیز اور ضلعی افسران کو ہیڈ کوارٹر میں اپنی حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد رزاق خان کجک نے اریگیشن حکام کو الرٹ رہنے کا حکم دیا ماجھی پور سے نامہ نگار کے مطابق ماجھی پور اور گردونواح میں وقفے وقفے سے موسلادھار بارش کا سلسلہ جاری ہے جل تھل ایک ہوگیا نشیبی علاقے زیرآب آگئے بارش کی وجہ سے بازار کے راستے کیچڑ میں تبدیل ہوگئے بارش کا پہلا قطرہ گرتے ہی بجلی بھی غائب ہوگئی بجلی بند ہونے سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے ہرنائی سے نامہ نگار کے مطابق ہرنائی، شاہرگ، اسپین تنگی، کھوسٹ، ناکس، زندہ پیر و گردونواح میں طوفانی بارش سے ندی نالوں میں اونچے درجے کے سیلابی ریلے آئے جس سے کمزور حفاظتی بندات ٹوٹ گئے جس کے باعث سیلابی پانی کلی مرزا، کلی لعل جان، کلی پسوائی، محلہ اندڑآباد کے گھروں اور ہرنائی شہر میں داخل ہوگیا لوگ گھروں میں پھنس گئے مقامی نوجوانوں اور ضلعی انتظامیہ نے ڈپٹی کمشنر نثار احمد مستوئی کی نگرانی میں سیلاب میں پھنسے لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کردیا بارش سے کچے مکانات کو بھی شدید نقصان پہنچا طوفانی بارشوں اور شدید سیلابوں اور لینڈ سلائیڈنگ کے باعث ہرنائی پنجاب شاہراہ بند ہوگئی ایکسین بی اینڈ آر نصیر شاہ کی ہدایت پر ایس ڈی او بی اینڈ آر نے ہنگامی بنیادوں پر کام کرکے شاہراہ بحال کردی وریں اثناء سیلاب سے متاثرہ لوگوں نے حکومت کی عدم توجہی کے خلاف پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا انہوں نے حفاظتی بندات کی فوری طور پر تعمیر اور متاثرین کو محفوظ جگہ منتقل کرنے کا مطالبہ کیا۔

# بھاگ: بی آئی ایس پی کی امدادی رقوم سے کٹوتی کا سلسلہ رک نہ سکا

### متعلقہ آفیسران اور ریٹیلرز کی چاندی، متعدد بار شکایات کے باوجود کوئی پوچھنے والا نہیں، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے، مستحقین

بھاگ (نامہ نگار) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی امدادی رقوم سے کٹوتی کا سلسلہ جاری سینٹرز والوں کی چاندی ہوگئی غریب مستحقین لٹنے لگے متعدد بار شکایتوں کے باوجود کوئی نوٹس لینے والا نہیں مستحقین نے کہا ہے کہ اگر احساس پروگرام کی امدادی رقوم سے کٹوتی کا سلسلہ نہ رکا تو ہم آئندہ کے لائحہ عمل میں سخت اقدام پر مجبور ہوں گے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی امدادی رقوم سے احساس کفالت سینٹرز میں پانچ سو ایک ہزار تک کی کٹوتی کی جارہی ہے احساس کفالت سنٹر والوں نے کاروبار شروع کردیا ہے ان سے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے سرعام امدادی رقوم سے کٹوتی کا سلسلہ جاری ہے جو مستحقین کیساتھ ظلم ہے بھاگ میں بی آئی ایس پی کی امدادی رقوم میں شفافیت نہیں ہے کٹوتی کے بارے میں متعلقہ آفیسران سے مستحقین سمیت سیاسی وسماجی شخصیات نے متعدد بار شکایتوں کے انبار لگائے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی ایک طرف مہنگائی نے غریب طبقے کی کمر توڑ دی ہے دوسری جانب احساس کفالت سینٹرز اور ریٹیلرز کی من مانیوں نے غریب مستحقین کو پریشانی سے دوچار کردیا ہے سینٹرز میں مستحقین کو کہا جاتا ہے کہ آپ کی رقم سے کٹوتی کی جائے گی مستحقین کی طرف سے مثبت جواب پر رقم دی جاتی ہے جبکہ انکار پر کہا جاتا ہے کہ انگوٹھا ڈیوائس میں نہیں آرہا مستحقین نے کہا کہ ہمیں اطلاعات ہیں احساس کفالت سینٹرز میں پہلے انگوٹھا لگواکر بعد میں کہا جاتا ہے کہ پیسے نہیں آئے ہیں بعد میں رقم ریٹیلرز ہڑپ کرجاتے ہیں غریب خواتین اور مرد فریاد کرتے ہیں کہ ہماری رقوم سے احساس کفالت سینٹرز اور ریٹیلرز کٹوتی کررہے ہیں لیکن کوئی سننے والا نہیں مستحقین نے احساس کفالت پروگرام اور بی آئی ایس پی کی چیئرپرسن شازیہ مری، وزیراعلیٰ بلوچستان، گورنر، ڈائریکٹر احساس کفالت پروگرام چیف سیکرٹری بلوچستان، کمشنر نصیرآباد اور ڈپٹی کمشنر کچھی سے مطالبہ کیا ہے کہ بھاگ شہر میں بی آئی ایس پی میں کرپشن کا نوٹس لیکر امدادی رقوم سے کٹوتی میں ریٹیلرز اور متعلقہ ذمہ داروں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## بلوچستان ہائر ایجوکیشن گرینڈ الائنس کی مطالبات کے حل کیلئے ریلی، احتجاجی مظاہرہ

اعلیٰ تعلیمی اداروں کو پرائیویٹائزیشن کی جانب دھکیلنے اور غریب طلبا وطالبات پر تعلیم کے دروازے بند کرنے کی سازش کامیاب نہیں ہوگی

تعلیمی اداروں پر لازمی تعلیمی خدمات 2019 کا کالا قانون مسلط کرکے آمرانہ طرز پر چلانے کا فیصلہ قبول نہیں، کلیم اللہ بڑیچ و دیگر کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائر ایجوکیشن گرینڈ الائنس کی جانب سے پریس کلب کوئٹہ کے سامنے جامعہ بلوچستان کالجز، بیوٹمز، زرعی یونیورسٹی اور دیگر کے اساتذہ، آفیسرز، ملازمین اور طلبا نے بڑا احتجاجی مظاہرہ کیا، مظاہرین سے پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ بلوچستان پروفیسر اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن کے صدر پروفیسر حمید خان، حافظ عبدالقیوم، پروفیسر طارق بلوچ فرید خان اچکزئی اور نظام گمشکر نے خطاب کیا۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ نمبر 14 صفحہ 10 پر

انہوں نے کہا صوبائی حکومت ایک طرف صوبے کی سرکاری جامعات کو براہ راست اپنی اختیار میں لا رہی ہیں اور جامعات کے وائس چانسلرز پرو وائس چانسلرز اور دیگر اہم عہدوں کی تعیناتی اپنے اختیار میں لی جبکہ دوسری طرف اپنی بنیادی ذمہ داری جو کہ صوبے کی سرکاری جامعات کو فنڈز فراہم کرنا ہے پوری نہیں کر رہی، صوبائی حکومت نے پچھلے تین سالوں سے جامعات کی گرانٹس ان ایڈز میں ایک روپے کا بھی اضافہ نہیں کیا صوبائی حکومت کی 700 ارب روپے کی بجٹ میں صوبے کی دس سے زیادہ جامعات اور انکے ایک درجن سے زائد کیمپسز کے لئے صرف ڈھائی ارب روپے مختص کئے جو اعلیٰ تعلیمی اداروں کو پرائیویٹائزیشن کی جانب دھکیلنے اور غریب طلبا وطالبات پر تعلیم کے دروازے بند کرنے کی سازش ہے مقررین نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت نے صوبہ دشمن تعلیم دشمن بلوچستان یونیورسٹیز ماڈل ایکٹ 2022 صوبائی اسمبلی سے قواعد وضوابط کے برخلاف بنیادی سٹیک ہولڈرز یعنی یونیورسٹیوں اور کالجز کے اساتذہ، آفیسران، ملازمین اور طلبا وطالبات سے مشاورت کے بغیر پاس کرکے جامعات پر اور صوبے کے کالجز سمیت تعلیمی اداروں پر لازمی تعلیمی خدمات 2019 کا کالا قانون مسلط کرکے تعلیمی اداروں کو آمرانہ طرز پر چلانے کا فیصلہ کسی بھی صورت قبول نہیں اور مطالبہ کیا۔

## بولان میڈیکل ٹیچرز ایسوسی ایشن کا مظاہرہ، پرو وائس چانسلر کی فوری تقرری کا مطالبہ

میڈیکل یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے اٹھائے جانے والے غیر قانونی اقدامات کو کالعدم قرار دے کر ملازمین میں پائی جانے والی تشویش دور کی جائے

1971 کے سروس رولز وقت کے تقاضوں کو پورا نہیں کرتے بلکہ ترقیوں کی راہ میں رکاوٹ کا سبب بن رہے ہیں، ظہور شاہ، الیاس بلوچ و دیگر کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بولان میڈیکل ٹیچرز ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر سید ظہور شاہ جنرل سیکرٹری ڈاکٹر الیاس بلوچ سمیت دیگر رہنماؤں نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ آئین وقانون کی بالادستی کو مقدم رکھتے ہوئے فوری طور پر پرو وائس چانسلر کی تقرری عمل میں لائی جائے اور میڈیکل یونیورسٹی انتظامیہ۔۔۔۔۔۔ بقیہ نمبر 37 صفحہ 10 پر

کی جانب سے اٹھائے جانے والے غیر قانونی اقدامات کو کالعدم قرار دے کر ملازمین میں پائی جانے والی تشویش دور کر کے اساتذہ کے دیرینہ مسائل حل کیے جائیں ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز بولان میڈیکل کالج میں منعقدہ اجلاس اور بعد میں اپنے مطالبات کے حق میں کیے جانے والے احتجاجی مظاہرے کے شرکاء سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا مظاہرین نے اپنے مطالبات کے حق میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے خطاب کرتے ہوئے مقررین کا کہنا تھا کہ میڈیکل یونیورسٹی کے مسائل اور حالت زار حکام بالا کو متعدد بار پیش کر چکے ہیں لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی بلوچستان کی واحد میڈیکل یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی تقرری عمل میں لائی جائے متعدد بار حکومت اور گورنر ہاؤس حکام کو آگاہ کیا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## خضدار میں ہیلتھ کی پوسٹیں لاکھوں روپے میں فروخت

سرمایہ دار لوگوں وڈاکٹروں کو پوسٹیں دی گئیں' خاندان کے 20 لوگ بھرتی

خضدار (آن لائن) خضدار ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں پوسٹوں کی اصل بندر بانٹ کی کھلاڑی آخر کار منظر عام پر آ گیا جس نے مبینہ طور پر پچاس پوسٹ پانچ پانچ لاکھ روپے میں فروخت کیا ہے اور اپنے فیملی کو صف اول میں ترجیح دیکر اپنے خاندان کی بیس لوگوں کو بھرتی کیا گیا ہے جو بالکل سراسر ناقابل برداشت ہے۔ صوبائی وزیر صحت بلوچستان کے لئے سوالیاں بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر

نشان برقرار ہے کہ ایک کرپٹ آفیسر کو کیسے اہمیت دیکر ایک بے بنائے لسٹ کو دستخط کرکے خضدار کے غریب نوجوانوں کی مکمل حق تلفی کی گئی ہے۔ سابقہ ڈی ایچ او ڈاکٹر سومار خان نے باقی سارے پوسٹ سرمایہ دار لوگوں اور تمام ڈاکٹروں کو دو دو تین تین پوسٹ دیا گیا ہے میرٹ کی جنازہ بارش کی موسم میں نکالا گیا۔ جھالاوان میڈیکل کالج کے پرنسپل کو ڈبل کراس کرنے والا واحد شخص ڈاکٹر سومار خان نکلا افسوس خضدار سابق ڈی ایچ او ڈاکٹر سومار خان نے خضدار کے نوجوان نسل کی انٹرویو لینکران کے ارمانوں کو خاک میں ملا دیا۔ خضدار کے سابق ڈی ایچ او ڈاکٹر سومار خان مبینہ طور پر نااہل ایک کرپٹ آفیسر ہے جس نے کرپٹ ساتھیوں سے مل کر محکمہ صحت کے پوسٹوں کو اپنے من پسند لوگوں کے عزیزوں کو بھرتی کرکے انٹرویو میں شامل نوجوانوں کو مایوس کر دیا ہے۔ خضدار کی نوجوان نسل ایک بار پھر مایوسی اور ڈپریشن کا شکار ہوا ہے۔

## گوادر بریک واٹر منصوبہ میں تاخیر

وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے ایک ٹوئٹر بیان میں گوادر بریک واٹر پراجیکٹ میں تاخیر کی انکوائری کا حکم دیدیا ہے۔ گوادر بریک واٹر منصوبہ پی ٹی آئی دور حکومت کے ان منصوبوں میں شامل تھا جس کے لئے 445 ملین ڈالر کی گرانٹ 484 ملین ڈالر کے آسان قرض اور فیزیبلٹی بھی تیار ہو چکی تھی لیکن اس کے باوجود یہ منصوبہ نظرانداز رہا جسے مجرمانہ تاخیر کے سوا کوئی نام نہیں دیا جا سکتا۔ اس میں شبہ نہیں کہ گوادر میں صرف بنیادی ڈھانچے کی تکمیل ہی مقصود نہیں ہونی چاہیے تھی بلکہ سی پیک کا حصہ ہونے کی وجہ سے اس کی سیاسی' اقتصادی اور سٹریٹجک اہمیت بھی اپنی جگہ غیر معمولی ہے۔ واٹر بریک منصوبہ نہ صرف گوادر بلکہ بلوچستان کی خوشحالی کا ضامن ہے۔ گوادر میں پینے کے صاف پانی کا حصول سب سے بڑا مسئلہ ہے' واٹر بریک منصوبہ کے ذریعے کھارے پانی کو صاف پانی میں بدل کر مقامی لوگوں کی ضرورت کو پورا کیا جا سکتا ہے۔ موجودہ صورتحال میں 5 ملین گیلن پانی روزانہ ٹینکوں کے ذریعے پہنچایا جاتا ہے اگر منصوبہ تاخیر کا شکار نہ ہوتا تو دو سال کے عرصہ میں مقامی آبادی کا یہ مسئلہ سے آسانی سے حل ہو سکتا تھا۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ اس منصوبے سے ہونے والی تاخیر کی انکوائری جلد مکمل کی جائے اور ذمہ داروں کو قابل تعزیر قرار دیا جائے۔ علاوہ ازیں تاخیر کے شکار دوسرے ترقیاتی منصوبوں کی بھی جانچ پڑتال کر کے انہیں وقت پر مکمل کیا جائے۔

**Balochistan Express Quetta**

By Kamran Raja

# Benefits of the China-Pakistan Economic Corridor

Pakistan is currently facing many social, economic and environmental problems. Prominent problems are social poverty, inadequate education, poor infrastructure, security threats and high unemployment. Pakistani officials say that Pakistan will solve its problems after the CPEC project is completed. The mega project, CPEC, is a combination of several initiatives for healthy economic and social growth in different sectors of Pakistan.

The China-Pakistan Economic Corridor (CPEC) is a multi-dimensional economic project aimed at improving links between Pakistan, China and Europe. Transportation, power, manufacturing, industrial and other development plans are part of the mix. Chinese leaders have focused their efforts on boosting the economy, setting new goals, exploring new markets around the world and finding investment opportunities. To achieve this goal, the Chinese government has put forward the Belt and Road Initiative. The initiative includes the China-Pakistan Economic Corridor (CPEC), which is seen as a "Game Changer" for Pakistan's economy.

The China-Pakistan Economic Corridor has launched several projects, which have promoted China-Pakistan cooperation and boosted the economic development of the two countries through the construction of the Free Trade Area. Although CPEC is still a work in progress, leaders and relevant ministries firmly believe it will be a "Game Changer" for the economic development of both countries. Under the CPEC project, countless business and job opportunities have been created for local communities and residents. The best way to boost economic growth in South Asia is to propose regional infrastructure projects, which need to be closely linked to the economic development of emerging countries and global markets in a resource-poor region.

Socioeconomic and people's well-being is a two-way win-win process, and both countries hope to achieve mutual benefits by reducing payments. With the support of the CPEC project, local residents believe the CPEC development plan is conducive to improving the social, economic, cultural and environmental benefits of the region. In this case, they will actively support project development.

Small and Medium-Sized Enterprises (SMES), the backbone of Pakistan's economy, are also widely benefiting from the construction and development of the China-Pakistan Economic Corridor. With the benefit of the project, rural residents who were unable to start their businesses due to a lack of funds will have the opportunity to set up small and micro enterprises, which will promote the economic growth of rural Pakistan in the flow of funds.

Multiple studies in Pakistan have demonstrated that CPEC has several benefits for Pakistani society, including expanded market access, education networks and social development that bridges social divisions and prejudices and, most importantly, alleviates social tensions.

At present, the development of CPEC can be viewed from two perspectives. First, the social goals include good living standards, job opportunities, poverty reduction, education improvement and environmental protection. Second, from the economic perspective, the China-Pakistan Economic Corridor will not only develop the local economy but also improve the local ecological environment, residents' living standards and the possibility of education.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 08 JUL 2022 Page No. 13


## سی پیک کی کامیابی پاکستان کی کامیابی

چین پاکستان کا سب سے قریبی اور مخلص ہمسایہ ملک ہے یہ جملہ ہم بچپن سے پڑھتے آئے ہیں مطالعہ پاکستان کے کتابوں میں وقت گزرنے کے ساتھ چین نے ثابت کرلیا کہ وہ پاکستان کا مخلص اور قریبی دوست ہے چین نے



**تحریر:۔ دوران بلوچ**

پاکستان میں ایک وسیع ترقیاتی راہداری شروع کرکے اس عملی طور پر ثابت کر رہا ہے جس سے چائنا پاکستان اکنامک کوریڈور کا نام دیا گیا ہے چین نے پاکستان میں بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے سی پیک اہم منصوبوں کا ایک مجموعہ ہے جو پاکستان بھر میں 2013 میں زیر تعمیر ہے جس کی کل لاگت 47$ بلین ہے، سی پیک کے منصوبوں کی مالیت 2020 تک 62 بلین ڈالر تک پہنچ چکا ہے سی پیک کا مقصد پاکستان کے مطلوبہ بنیادی ڈھانچے کو تیزی سے اپ گریڈ کرنا ہے۔ اور جدید نقل و حمل کے نیٹ ورکس، توانائی کے متعدد منصوبوں اور خصوصی اقتصادی زونز کی تعمیر کے ذریعے اپنی معیشت کو مضبوط کرنا ہے اس کی اہم مثال جزوی طور پر فعال منصوبے میں جب چینی کارگو کو افریقہ اور مغربی ایشیا کے لیے آگے کی سمندری کھیپ کے لیے گوادر پورٹ تک لے جایا گیا جبکہ 2017 کے آخر تک کچھ بڑے پاور پراجیکٹس پر کام شروع کر دیئے گئے ہیں سی پیک کے تحت ہائی ویز اور ریلوے کا وسیع نیٹ ورک بنایا جاتا ہے جو کہ پاکستان کے طول و عرض میں پھیلے گا سی پیک کے تحت گوادر اور کراچی کی بندرگاہوں کو شمالی پاکستان کے ساتھ جوڑا جائے گا، ساتھ ہی ساتھ مغربی چین اور وسطی ایشیا کے شمال میں سی پیک کے تحت کراچی اور لاہور کے درمیان 1,100 کلومیٹر طویل موٹروے تعمیر کی جائے گی جبکہ شاہراہ قراقرم حسن ابدال سے چینی سرحد تک مکمل طور پر دوبارہ تعمیر کیا جائے گا اور سی پیک کی کارآمد اقدامات کے بدولت 2015، 2030 کے درمیان 2.3 ملین ملازمتیں پیدا ہوں گی اور ملک کی سالانہ اقتصادی ترقی میں 2 سے 2.5 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ہوگا گیس اور تیل منصوبوں کا بھی ایک جال بچھایا جائے گا جس میں گوادر اور نواب شاہ کے درمیان 2.5 بلین ڈالر کی پائپ لائن بھی شامل ہے جو کہ ایران سے گیس لانے کی منصوبہ ہے ان منصوبوں سے بجلی بنیادی طور ایندھن سے پیدا کی جائے گی ہائیڈرو الیکٹرک اور ونڈ پاور پراجیکٹس بھی شامل ہیں دنیا کے سب سے بڑے سولر فارمز گوادر اور حب کول پاور پلانٹ کی تعمیر وسیع توانائی پیدا کرنے کی اہم مثال ہے گوادر کی ترقیاتی منصوبے کا گیم چینجر چین کے ون بلٹ سڑک شامل ہے مجموعی طور پر گوادر میں 1 بلین ڈالر سے زائد مالیت کے منصوبے گوادر بندرگاہ کے ارد گرد تیار کیے جاتے ہیں دسمبر 2017 تک گوادر پورٹ کمپلیکس، گوادر سٹی ڈویلپمنٹ پراجیکٹ میں چائنا نے گوادر میں 9 پراجیکٹس شروع کیے ہیں اور اربوں ڈالرز کی سرمایہ کاری کر رکھی ہے مستقبل میں ان میگا پراجیکٹس کی تکمیل سے گوادر مکمل طور پر ترقی یافتہ خطوں میں شامل ہو جائے گا لیکن کچھ ریاستی دشمنوں نے چینی انجینئرز اور اساتذہ پر حملے کرکے سی پیک پراجیکٹس کو متاثر کرنے مذموم کوشش کی ہے خصوصا بلوچستان میں عوام کو گمراہ کرنا ان کا اصل مقصد ہے مٹھی بھر عناصر نے ہمیشہ بلوچستان میں پائیدار ترقی کی مخالف کرکے بیرونی آقاؤں کو خوشنودی حاصل کی ہے جامعہ کراچی میں چین کے کنفیوشس ادارے پر خودکش حملہ شامل ہے عوامی حلقوں بھی اس حملہ پر گہری تشویش کا اظہار کیا کہ پاک چین دوستی کی جڑیں بہت گہری ہیں اور دو طرفہ تعاون بے مثال سطح پر پہنچ چکے ہیں تاکہ دہشت گردی سی پیک کی تعمیر، خصوصی اقتصادی زون کی قیام پر رکاوٹ نا ہو دونوں ممالک کے عوام کو مزید فوائد پہنچا سکتا ہے پاکستان کی جامعہ کراچی میں کنفیوشس انسٹی ٹیوٹ کی گاڑی پر دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہیں اس نے متاثرین کے خاندانوں اور پاکستان اور چین کی حکومتوں سے گہری ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں دہشت گردانہ حملے کے ذمہ داروں، منتظمین، مالی معاونت کرنے والوں اور اسپانسرز کو انصاف کے کٹہرے میں لانا وقت کی ضرورت ہے، اور تمام ریاستوں پر چاہیے کہ وہ فعال طور پر تعاون کریں۔ اس معاملے پر پاکستان اور چین کا ساتھ دیں دہشت گردی کی اس کارروائی پر عالمی برادری کے شدید غم و غصے اور سخت مذمت اس چیز کی عکاسی کرتا ہے کہ پوری دنیا دہشتگردی کے خلاف اکٹھی ہے ساتھ ہی اس حملے میں ہلاک ہونے والے چینی اور پاکستانی شہریوں کے لیے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں جو کہ عالمی برادری کے جذبات کی ترجمانی کرتا ہے۔ انصاف تمام متاثرین کو ملنا ہوگا اور دہشتگرد عناصر کو سخت سزا دی جانی چاہیے دہشت گردی پوری انسانیت کا مشترکہ دشمن ہے اور دہشت گردی کا مقابلہ کرنا عالمی برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اس وقت بین الاقوامی دہشت گردی تمام ممالک میں لوگوں کی سلامتی اور استحکام کے لیے سنگین خطرات کا باعث بنی ہوئی ہے۔ تمام فریقین کو آرڈینیشن اور تعاون کو مضبوط کرنا چاہیے اور دہشت گردی کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے اور مشترکہ طور پر عالمی امن و سکون کو برقرار رکھنے کے لیے تمام اقدامات کرنا ہوں گے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 08 JUL 2022 Page No.______



مشیر داخلہ میر ضیاء لانگو اور وزیر مملکت احسان ریکی عارف جان محمد حسنی ملاقات کررہے ہیں



ضیاءاللہ لانگو سے قائم مقام اسپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل ملاقات کررہے ہیں

92 نیوز کوئٹہ



کوئٹہ: قائم مقام گورنر میر جان محمد جمالی سے پی پی کے حیات خان اچکزئی سند وصول کررہے ہیں